بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

ShareThis

بیمار اور لاغر جانوروں کیلئے گلی محلوں میں غیر قانونی مذبحہ خانے قائم

گوشت پر سرکاری مہریں لگا کر بیچا جانے لگا

حکام کو سہالہ سلاٹر ہاؤس کی سرکاری اور جعلی مہروں میں فرق محسوس نہیں ہوتا، رہائشی علاقوں میں تعفن بھی پھیلنے لگا

راولپنڈی (اپنے رپورٹر سے) ضلعی انتظامیہ اور سلاٹر ہاؤس حکام کی ملی بھگت سے راولپنڈی کے گلی محلوں میں غیر قانونی مذبحہ خانے قائم ہو چکے ہیں۔ جہاں بیمار اور لاغر جانوروں کو ذبحہ کرکے شہریوں کو کھلایا جارہا ہے۔ جن پر سلاٹر ہاؤس انتظامیہ کی ملی بھگت سے سرکاری مہریں لگا کر بیچا جاتا ہے۔ راولپنڈی میں سہالہ سلاٹر ہاؤس اور رتہ روڈ پر قائم مذبحہ خانے سے جانور ذبح کروانے کی بجائے راولپنڈی کے قصابوں نے بیمار اور لاغر جانوروں کو ذبح کرنے کے لیے راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں ذبح خانے قائم کیے ہوئے ہیں ڈھوک نجو پل سے پیرودھائی پل تک نالہ لئی کے اطراف میں درجنوں ذبح خانے قائم ہیں جن سے پورے راولپنڈی میں گوشت سپلائی کیا جاتا ہے۔ اسی طرح اصغر مال سے ہولی فیملی روڈ کے علاوہ گوالمنڈی، سرسید چوک، آریہ محلہ میں قصابوں نے ذاتی ذبحہ خانے بنا رکھے ہیں بلکہ کئی علاقوں میں قصابوں نے دوکانوں کے اندر ہی ذبح خانے بنا رکھے ہیں۔ جس سے شہریوں کا جینا دوبھر ہو گیا ہے مگر حکام نے ایسی چپ سادھی ہے کہ انہیں سہالہ سلاٹر ہاؤس کی سرکاری مہروں اور جعلی مہروں میں کوئی فرق محسوس نہیں ہوتا ہے اسی طرح صادق آباد سے گذرنے والے نالے کے اطراف میں کئی گھروں میں ذبح خانے قائم ہیں اور جانوروں کا سارا گند اسی نالے میں ڈالا جاتا ہے۔ ڈھوک رتہ اور گنجمنڈی میں بھی کئی غیر قانونی ذبح خانے گندگی پھیلانے میں مصروف ہیں۔ راولپنڈی کے شہریوں نے کمشنر راولپنڈی عظمت محمود اور ڈی سی او راولپنڈی طلعت محمود گوندل سے اپیل کی ہے کہ ایسے عناصر جو رہائشی علاقوں میں تعفن پھیلا رہے ہیں انکے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے اور ایسے عناصر جو جانوروں کا گند نالہ لئی میں پھینک رہے ہیں انکو سخت سے سخت سزائیں دلوائی جائیں برسات کا موسم بھی قریب ہے مگر نالہ لئی کے کنارے ذبح خانے اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہیں۔

آج کا اخبار پڑھئے

ہفت روزہ اخبار جہاں پڑھئے